# Economics - 9th Class Urdu Medium Economics Chapter 7

Q1. آبادی کے دباؤ کے منفی اثرات تحریر کریں.

**Ans 1:** 1- بڑھتی ہوئی آبادی سے فی کس آمدنی کم ہوجاتی ہے. 2- شرح آبادی مں اضافہ سے لوگوں کی صحت خراب ہوتی ہے اور خوراک کی بھی قلت پیدا ہوتی ہے. 3- آبادی کے دباؤ سے ناکماؤ آبادی میں اضافہ ہوتا ہے.

---

Q2. افزائش آبادی کی تین وجوہات بیان کریں.

**Ans 1:** 1- شرح اموات میں کمی: پاکستان میں بنیادی صحت اور علاج کی سہولتوں کی وجہ سے شرح اموات میں کمی واقع ہوتی ہے جبکہ اوسط متوقع زندگی 66 سال ہے. اس سے آبادی میں اضافہ ہوا ہے.

**Ans 2:** شرح پیدائش میں اضافہ: پاکستان میں شرح پیدائش میں اضافہ سے آبادی میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے اگرچہ اس میں کمی کا رحجان پایا جاتا ہے. لیکن وسائل کے اعتبار سے یہ زیادہ ہے.

**Ans 3:** ہجرت: افغان مہاجرین نے پاکستان میں 1979 میں داخل ہونا شروع کیا اور جون 1990 تک ا کی تعداد 3.7 ملین یعنی 37 لاکھ سے تجاوز کر گئی.

---

Q3. فی کس آمدنی بڑھانے کے طریقے بیان کریں.

**Ans 1:** 1- قدرتی اور انسانی وسائل کا بہتر استعمال کیا جائے. 2- تعلیم و تربیت اور صحت کی سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے. 3- زہنی جسمانی اور فنی تربیت کی طرف خصوصی توجہ دی جائے. 4- پروگرام اور پالیسی بنانے کے ماہرین مستعدد اور تعلیم یافتہ ہوں. 5- افزائش آبادی پر کنٹرول کیا جائے. 6- انتظامی اور بنیادی ڈھانچے میں خاطر خؤاہ تبدیلی لائی جائے.

---

Q4. فی کس آمدنی سے کیا مرادہے.

**Ans 1:** فی کس آمدنی سے مراد ایک شخص کی آمدنی ہے . کل آبادی کو اگر قومی آمدنی سے تقسیم کردیا جائے تو فی کس آمدنی حاصل ہوجاتی ہے. ہمارے ملک کے لوگ اس لیے غریب ہیں کیونکہ ان کی فی کس آمدنی بہت پست ہے .

---

Q5. ناخواندگی کی اصلاح کے طریقے بیان کریں.

**Ans 1:** 1- عام لوگوں کی تعلیمی درسگاہوں تک رسائی بہت کم ہے خاص طور پر دیہی علاقوں میں صورت حاؒل بہت خراب ہے. 2- تعلیم کو صنعت کا درجہ ملنا چاہیے. 3- نجی شعبہ کو زیادہ سے زیادہ سرکاری مراعات دی جائیں تاکہ تعلیم کے شعبہ میں سرمایہ کاری تیز ہوسکے. 3- نجی شعبہ کو زیادہ سے زیادہ سرکاری مراعات دی جائیں تاکہ تعلیم کے شعبہ میں سرمایؒہ کاری تیز ہوسکے. 4- یونیسکو کے مطابق تعلیمی بجٹ خام قومی پیداوار کا کم از کم 4 فی صد ہونا چاہیے.

---

Q6. پاکستان میں غربت کی وجوہات بیان کریں.

**Ans 1:** بیروزگاری : پاکستان میں روزگار کے مواقع کم ملتے ہیں جس کی وجہ سے بیروگای کا مسئلہ موجود ہے. پاکستان کے اکنامک سروے 2021 - 22 کے مطابق بیروزگاری کی تعداد 5.9 ملین ہے.

**Ans 2:** کم پیداواریت: پاکستان میں مختلف شعبوں کی پیداواری صلاحیت عموما کم رہی ہے جس کو بڑھانے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے گئے ہیں. پاکستان کی خام قومی پیداوار میں اضافہ کی شرح 1980 کے عشرے میں 5.5 فی صد تھی.

**Ans 3:** .کم فی کس آمدنی: پاکستان میں فی کس آمدنی بہت کم ہے. اس کی بڑی وجہ تیزی سے اضافہ ہے اور پیداوار کا کم ہونا ہے

**Ans 4:** دولت کی غیر مساوی تقسیم: پاکستان میں امیر لوگ امیر تر اور غریب تر ہوتے جارہے ہیں پاکستان میں کل آمدنی کا زیادہ تر حصہ امیر لوگوں کے پاس ہے جبکہ بہت تھوڑا حصہ غریب لوگوں کے حصہ میں آتا ہے.

**Ans 5:** .ناقص صحت: پاکستان میں صحت کی بنیادی سہولتیں ناکافی ہیں جس کی وجہ سے عام آدمی کی صحت ناقص ہے جو پیداواری صلاحیت کو متاثر کرتی ہے

---

Q7. .فی کس کم آمدنی کی وجوہات تحریر کریں

**Ans 1:** 1- قدرتی وسائل کا غیر معیاری استعمال: ہمارے ملک میں قدرتی وسائل کا غیر معیاری استعمال ہوتا ہے ہماری زرعی زمینیں سیم و تھور کا شکار ہیں. زمینیں چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں بٹتی جارہی ہے کسانوں کی مالی حالت پست ہے اور غریب کسانوں کو قرضوں کی بہت محدود سہولتیں حاصل ہیں. مالیاتی ، فنی اور سیاسی وجوہات: مالیاتی ، فنی اور سیاسی وجوہات کی بنا پر قدرتی وسائل جیسے تیل ، گیس ، کوئلے اور دیگر معدنیات محدود حد تک نکالی جاتی ہیں .

**Ans 2:** آبادی میں آضافہ: آبادی میں اضافہ کی وجہ سے ملک میں اشیاء خدمات کی طلب میں خاصا اضافہ ہورہاہے جس سے افراط زر کا مسئلہ بھی دن بدن سنگین ہوتا جارہا ہے.

**Ans 3:** ناقص انتظامی ڈھانچہ: پاکستان میں غیر معیاری انتظامی ڈھانچہ کی وجہ سے غیر پیداواری آخراجات میں بے تحاشہ اضافہ ہوتا جارہا ہے. زاتی فائدہ ، دفتری کاروائیاں ، رشوت ستانی، لاقانونیت ، سرکاری وسائل کا غلط استعمال وغیرہ.

---

Q8. .افزائش آبادی کو کنٹرول کرنے کے طریقے بیان کریں

**Ans 1:** 1- عورتوں کی تعلیم : عورتوں میں تعلیم کا معیار بڑھانے اور ان کے لیے روزگار کے مواقع فراہم کرنے سے شرح پیدائش میں خاطر خواہ تبدیلی لائی جاسکتی ہے. 2- زرائع ابلاغ کا کردار: زرائع ابلاغ کے زریعے آبادی کی منصوبہ بندی کے فوائد کو زاتی زندگی اور قومی معیشت کے پروگرام کو بہتر طریقے سے اجاگر کیا جائے تاکہ لوگ اس کی طرف مائل ہوں. 3- وسائل کا بہتر استعمال: وسائل کا بہتر استعمال کرنے سے روزگار کے مواقعوں میں اضافہ ہوتا ہے .پیداوار میں اضافہ کی طرف خاس توجہ دینے کی ضرورت ہے اس سے نہ صرف قومی آمدنی میں اضافہ ہوگا بلکہ زراعت کے شعبہ میں بڑھتی ہوئی آبادی کی کھپت بھی ہوسکے گی.

**Ans 2:** 4- حکومتی کاوشیں: حکومت کو مزید بہتر طریقے سے آبادی کی منصوبہ بندی کے پروگرامتیار کرنے چاہییں. ان پروگراموں کی ملک گیر تشہیر کی اشد ضرورت ہے.

---

Q9. .آبادی کے دباؤ کے منفی اثرات بیان کریں

**Ans 1:** 1- بڑھتی ہوئی ابادی سے فی کس آمدنی کم ہوجاتی ے. 2- شرح آبادی میں اضافہ سے لوگوں کی صحت خراب ہوتی ہے اور خوراک کی بھی قلت پیدا ہوتی ہے. 3- آبادی کے دباؤ سے ناکماو ابادی میں اضافہ ہوتا ہے.

---

Q10. .غربت کے دو عوامل تحریر کریں

**Ans 1:** قومی آمدنی کی عام سطح - قومی آمدنی کی تقسیم

---